یارب یہ ھے سادات کا گھر تیرے حوالے بیوائیں ھیں یہ خستہ جگر تیرے حوالے
بے کس کا ھے بیمار پسر تیرے حوالے سب ھیں ترے دریا کے گھر تیرے حوالے
عالم ھے کہ غربت میں گرفتار بلا ھوں
میں تیری حمایت میں انہیں چھوڑ چلا ھوں
میرے نہیں بندے ھیں تیرے اے میرے خالق بستي ھوکہ جنگل توھي مالك توھي رازق
باندھے ھے کمر ظلم و تعدي پہ منافق نہ دوست ھے دنیا نہ زمانہ ھے موافق
حرمت ھے تیرے ھاتھ میں امام ازلي کي
دو بیٹیاں دو بہویں ھیں اس گھر میں علي کي
میں یہ نہیں کھتا کہ اذیت نہ اٹھائیں یا اھل ستم آگ سے خیمے نہ جلائیں
ناموس لٹیں قید ھوں اور شام میں جائیں مہلت میرے لاشے پہ بھي رونے کي نہ پائیں
بیڑي میں قدم طوق میں عابد کا گلا ھو
جس میں تیرے محبوب کي امت کا بھلا ھو
فرماتے تھے اعدا کو ترائي سے بھگاکر کیوں چھوڑ دیا گھاٹ کو ، روکو ھمیں آکر
دعوت یونھي کرتے ھیں مسافر کو بلا کر ھم چاھیں توپاني بھي پئیں نھر میں جاکر
پر صبر کے دریا ھیں ھمیں پیاس نہیں ھے
اب زھر ھے یہ پاني کہ عبا س نہیں ھے
بھولے نہیں اکبر کي ھے ھم تشنہ دھاني وہ چاند سا رخ وہ قدو قامة وہ جواني
وہ سوکھے ھوئے ھونٹ وہ اعجاز بیاني دکھلا کے زباں مانگتے تھے نزع میں پاني
کس سے کہیں جو خون جگر ھم نے پیا ھے
بعد ایسے پسر کے بھي کبھي باپ جیا ھے